# Directorate of Education Gnct Delhi 54

## Practice Question Paper for Mid Term (2022-23)

**Paper: Sub – Urdu I**

**Class: 8th**

**Time: 2 ½ Hours** **Total Marks: 60**

سوال1۔ درج ذیل نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجئے۔ 6

1903 کا سال حسرتؔ کی زندگی میں بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ اِسی سال وہ اپنے باغیانہ خیالات کی وجہ سے کالج سے نکالے گئے۔ اب حسرتؔ علی گڑھ کے محلّہ رسل گنج میں کرائے پر مکان لے کر رہنے لگے۔ انہوں نے بی۔ اے کا امتحان پاس کیا۔ اُسی سال چچازاد بہن نشاط انسا بیگم سے اُن کی شادی ہوئی جو ایک پڑھی لکھی، باہمت، حوصلہ مند اور مستقل مزاج خاتون تھیں۔ 1903 میں حسرتؔ نے ایک علمی وادبی رسالہ "اردوئے معلّٰی" جاری کیا۔ یہ سلسلہ آخر عمر تک جاری رہا۔

i۔ حسرتؔ کہاں رہنے لگے تھے؟

(A) دلی (B) لکھنو

(C) علی گڑھ (D) فیض آباد

ii۔ حسرت کی زندگی میں کون سا سال بڑی اہمیت رکھتا ہے؟

(A) 1905 (B) 1903

(C) 1900 (D) 1901

iii۔ حسرت کی شادی کس سے ہوئی؟

(A) نشاط انسا بیگم (B) سلطانہ بیگم

(C) بانو بیگم (D) اِن میں سے کوئی نہیں۔

سوال2۔ درج بالا شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجئے۔ 6

شبنم کے آئینے کا عکس چمن دکھانا
پتوں کا شاد ہونا اور تالیاں بجانا
پھولوں میں دلکشی ہے کانٹوں میں تازگی ہے
ہر دِل میں اک خوشی ہے ہر سمت روشنی ہے
وادی پہاڑ صحرا ہر ایک جگمگایا
دریا کو جوش آیا ساحل بھی گنگنایا

i۔ کانٹوں میں کیا ہے؟

(A) تازگی (B) پانی

(C) پتے (D) اِن میں سے کوئی بھی نہیں

ii۔ لفظ 'صحرا' کے کیا معنی ہیں؟

(A) جنگل (B) ریگستان

(C) سمندر (D) ندی

iii۔ شبنم کے آئینے کا عکس_____۔ مصرع مکمل کیجئے۔

(A) جگمگانا      (B) گنگنانا

(C) بجانا      (D) چمن دکھانا

سوال 3۔ درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔ 6

ایک بڑھیا جنگل بیابان میں جہاں نہ آدم نہ آدم زاد، ایک بڑے درخت کے نیچے بیٹھی تھی۔ خدا کا کرنا کیا ہوا کہ انہی دنوں جاڑا، گرمی اور برسات کا جھگڑا ہوا۔ جاڑا کہتا میں اچھا، گرمی کہتی میں اچھی، برسات کہتی میں اچھی۔ آخر یہ صلح ہوئی کہ چلو چل کر کسی آدم زاد سے پوچھیں۔ اِن کا جو اِدھر سے گزر ہوا تینوں نے کہا" لو بھئی، وہ سامنے ایک بڑھیا بیٹھی ہے چلو اس سے پوچھیں۔" سب سے پہلے میاں جاڑے آئے۔ گوری گوری رنگت لئے ایسے جیسے انار کا دانہ، سفید لمبی داڑھی، موٹا سا روٹی کا دگلہ پہنچے خوب اوڑھے لپٹے آئے۔

i۔ بڑھیا کہاں بیٹھی تھی؟

(A) سڑک پر      (B) گھر پر

(C) درخت کے نیچے      (D) محل میں

ii۔ یہاں پر کتنے موسموں کا ذکر کیا گیا ہے؟

(A) چار      (B) دو

(C) ایک      (D) تین

iii۔ درج ذیل اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(A) ایک مزے دار کہانی      (B) کندن لال سہگل

(C) حضرت محل      (D) چچا کبابی دلی والے

سوال 4۔ درج ذیل درسی شعری اِقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔ 6

میں سوئی جو اک شب تو دیکھا یہ خواب
بڑھا اور جس سے مرا اضطراب
یہ دیکھا کہ میں جا رہی ہوں کہیں
قدم کا تھا دہشت سے اُٹھنا محال
جو کچھ حوصلہ پا کے آگے بڑھی
تو دیکھا قطار ایک لڑکوں کی تھی

i۔ درج بالا شعری اِقتباس کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(A) شبنم      (B) ماں کا خواب

(C) دیوانی کے دیپ جلے      (D) خوابِ آزادی

ii۔ لفظ 'اضطراب' کے کیا معنی ہیں۔

(A) بے چینی      (B) غصّہ

(C) پیار      (D) روشنی

iii۔ ماں نے کس کی قطار دیکھی؟

(A) جانوروں کی      (B) رشتے داروں کی

(C) لڑکوں کی      (D) اِن میں سے کوئی بھی نہیں

سوال5۔ نیچے دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 5

i۔ علم کی اہمیت

ii۔ یوم اساتذہ

iii۔ ہندوستان کی تاریخی عمارتیں

سوال6۔ اپنے پرنسپل کے نام دوست کی شادی میں شرکت کے لئے تین دن چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 4

یا

اپنے والد صاحب کو اپنی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں بتاتے ہوئے خط لکھیے۔

سوال7۔ دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب دیجئے۔ 8

i۔ نیچے دیئے گئے محاوروں میں سے صرف دو کے معنی لکھیے۔

تھر تھر کانپنا، پھولے نہ سمانا، آگ بگولہ ہونا، نہال ہونا۔

ii۔ نیچے دیئے گئے لفظوں میں سے صرف چار کے متضاد لکھیے۔

پُرانی، بھلائی، دور، وفا، جواب، آسمان

iii۔ وہ لفظ جو کسی لفظ کے پہلے لگ کر نیا لفظ بناتے ہیں انہیں ______ کہتے ہیں۔

صفت، سابقہ، لاحقہ

iv۔ وہ فعل جو گزرے ہوئے وقت میں ہو اُسے ______ کہتے ہیں۔

فعل حال، فعل مستقبل، فعل ماضی

سوال8۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ 9

i۔ حضرت محل کون تھیں اور اُن کا اصلی نام کیا تھا؟

ii۔ بی۔ این سرکار نے اپنی دوسری فلم کس زبان میں بنائی؟

iii۔ حضرت محل نے راج مان سنگھ کو کیا اور کیوں انعام دیا؟

iv۔ مصنف نے برسات کا کیا حلیہ بتایا؟

v۔ کے۔ ایل۔ سیگل نے اپنی کس خوبی سے سرکار صاحب اور بورال دا کو متاثر کیا؟

سوال9۔ نیچے دیے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ 6

i۔ شاعر کو کن کن چیزوں پر شبنم کا گمان ہوتا ہے؟

ii۔ چراغ کی لویں دنیا سے کیا کہہ رہی ہیں؟

iii۔ نظم "دیوالی کے دیپ جلے" کے شاعر کا نام بتایئے؟

iv۔ شبنم کو رات کے آنسو کیوں کہا گیا ہے؟

سوال10۔ صحیح جملوں پر صحیح (✓) اور غلط پر (X) کا نشان لگائیں۔ 4

i۔ حضرت محل کا اصلی نام محمدی بیگم تھا۔ (      )

ii۔ حضرت محل پردہ نشین خاتون نہیں تھیں۔ (      )

iii۔ 10 مئی 1857 کو ہندوستانی سپاہیوں نے بغاوت کا علم بلند کیا۔ (      )

iv۔ حضرت محل نے حملے کے ڈر سے چوکی کو چھوڑ دیا۔ (      )

**Marking Scheme**
**Paper: Sub – Urdu I**
**Class: 8th**

| سوال | جز | | جواب | | نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | i۔ | (C) | علی گڑھ | | 3x2 = 6 |
| | ii۔ | (B) | 1903 | | |
| | iii۔ | (A) | نشاط انسا بیگم | | |
| 2۔ | i۔ | (A) | تازگی | | 3x2 = 6 |
| | ii۔ | (B) | ریگستان | | |
| | iii۔ | (D) | چمن دکھانا | | |
| 3۔ | i۔ | (C) | درخت کے نیچے | | 3x2 = 6 |
| | ii۔ | (D) | تین | | |
| | iii۔ | (A) | ایک مزے دار کہانی | | |
| 4۔ | i۔ | (B) | ماں کا خواب | | 3x2 = 6 |
| | ii۔ | (A) | بے چینی | | |
| | iii۔ | (C) | لڑکوں کی | | |
| 5۔ | مضمون | | تمہید۔ | 1 | 5x1 = 5 |
| | | | نفیس مضمون۔ | 3 | |
| | | | اختتام۔ | 1 | |
| | | | کل نمبر۔ | 5 | |
| 6۔ | درخواست / خط | | ساخت۔ | 2 | 4x1 = 4 |
| | | | نفیس مضمون۔ | 2 | |
| | | | کل نمبر۔ | 4 | |
| 7۔ | i۔ | | تھر تھر کانپنا۔ بہت زیادہ ڈرنا، پھولے نہ سمانا۔ بہت خوش ہونا، آگ بگولہ ہونا۔ بہت زیادہ غصہ ہونا، نہال ہونا۔ بہت خوش ہونا | | ½ x 4 = 2 |
| | ii۔ | | پرانی۔ نئی، بھلائی، برائی، دور۔ پاس، وفا۔ بے وفا، جواب۔ سوال، آسمان۔ زمین | | ½ x 4 = 2 |
| | iii۔ | | سابقہ | | 2x1 = 2 |
| | iv۔ | | فعل ماضی | | ½ x 4 = 2 |
| 8۔ | i۔ | | حضرت محل اودھ کے نواب واحد علی شاہ کی ملکہ تھیں۔ اِن کا اصلی نام محمدی بیگم تھا۔ | | 3x3=9 |
| | ii۔ | | بی۔ این سرکار نے اپنی دوسری فلم ہندوستانی زبان میں بنائی۔ | | |
| | iii۔ | | حضرت محل نے عالم باغ کے معرکہ میں راجہ مان سنگھ کو اُن کی غیر معمولی شجاعت کے اعتراف میں خلعت کے علاوہ فرزند خاص کا خطاب دیا اور ملبوس خاص سے اپنا دوپٹہ انعام میں دیا۔ اور وعدہ کیا کہ فتح یابی پر اس سے کہیں کچھ بڑھ کر دیا جائے گا۔ | | |
| | iv۔ | | مصنف نے برسات کا یہ حلیہ بتایا کہ سانولا نمکین چہرہ، چمکدار روشن آنکھیں، بھنورے بال، اِن میں سے پانی سی باریک بوندیں اس طرح ٹپک رہی ہیں جیسے موتی ہاتھوں میں دمانی چوڑیاں۔ | | |
| | v۔ | | کے۔ ایل سیگل نے اپنی سریلی آواز میں گانا سنا کر سرکار صاحب اور بورال دا کو متاثر کیا۔ | | |

9۔ i۔ شاعر کو تارے موتی اور ہیرے پر شبنم کا گمان ہوتا ہے۔ 3x2 = 6

ii۔ چراغ کی لویں دنیا سے رام کی دکھ بھری داستان سنا رہی ہیں۔

iii۔ فراق گورکھپوری

iv۔ شبنم رات کے آخری حصے میں پڑتی ہے۔ صبح کے وقت اس کی ننھی ننھی بوندیں پیڑ پودوں کے پتوں پر آنسوں کی طرح معلوم ہوتی ہیں۔ اِس لئے شاعر نے شبنم کو رات کے آنسوں کہا ہے۔

10۔ i۔ ✓ 1x4 = 4

ii۔ ✗

iii۔ ✓

iv۔ ✗